رول نمبر: ____________

FBD-12-2-23

انٹرمیڈیٹ پارٹ سیکنڈ

**اُردو (معروضی) گروپ دوسرا**

وقت: 20 منٹ کُل نمبر: 20

**Objective**
**Paper Code**
**8028**

| سوال نمبر | |
|---|---|
| 1 | ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ |

**نثری اسباق کے حوالے سے درست جواب کا انتخاب کیجیے:**

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | سبق "پہلی فتح" کس کتاب سے ماخوذ ہے؟ | محمد بن قاسم | آخری چٹان | مجاہد | اور تلوار ٹوٹ گئی |
| 2 | علمائے کرام نے قدیم طرز کی درس گاہ کہاں قائم کی؟ | دہلی میں | دیو بند میں | کانپور میں | علی گڑھ میں |
| 3 | خاندان خلافت نے جاگیروں کی واپسی کے معاملے میں سفیر بنا کر بھیجا: | اُمِ عمارہ | اُمِ ایمن | اُمِ عمر | اُمِ عمیر |
| 4 | حمید اختر نے ابن انشاء کو کیا خریدنے کا مشورہ دیا؟ | افغانی کوٹ | جیکٹ | چغہ | شیروانی |
| 5 | سرسیّد عمر میں مولوی نذیر احمد سے کتنے بڑے تھے؟ | دس سال | بارہ سال | پندرہ سال | بیس بائیس سال |

**مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے درست جواب کی نشاندہی کیجیے:**

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 6 | "خطوطِ اقبال" چھپ ______ ۔ | گئے ہیں | گئی ہے | گیا ہے | گے ہیں |
| 7 | ______ آگے راستہ بند تھا، اس لئے ہمیں واپس آنا پڑا۔ | جب کہ | کیوں کہ | چوں کہ | البتہ |
| 8 | دھماکے کی آواز سن کر پولیس ______ ہوگئی۔ | چوکنا | چوکنی | چوکنے | چوکنیں |
| 9 | حق بات کہو ______ ساری خدائی مخالف ہو جائے۔ | اگر | جب کہ | مگر | خواہ |
| 10 | مزاج دار بہو نے سرمہ اور نادِ علی دو چیزیں پسند ______ ۔ | کی | کیے | کیا | کیں |

**رموزِ اوقاف کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے:**

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 11 | سچ ہے ______ لالچ بُری بلا ہے۔ | : | ؛ | -: | ، |
| 12 | ؛ علامت ہے: | وقفہ کی | سکتہ کی | ندائیہ کی | ختمہ کی |
| 13 | سکتہ کی تعریف ہے: | مکمل ٹھہراؤ | تفصیل بیان کرنا | سوال پوچھنا | مختصر ٹھہراؤ |
| 14 | حیرت اور خوشی کے اظہار کے لئے کونسی علامت استعمال ہوتی ہے؟ | فجائیہ | رابطہ | سکتہ | قوسین |
| 15 | آپ کیا کہتے ہیں ______ (جملے کے آخر میں کونسی علامت آئے گی) | : | -: | ؛ | ؟ |

**امدادی افعال کے صحیح استعمال کو مدِ نظر رکھتے ہوئے درست جواب کا انتخاب کیجیے:**

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 16 | آنا : | آپ کب آئیں گے؟ | یخیٰی نے آج آنا ہے | دیر سے مت آنا | وہ امتحان دے آیا ہے |
| 17 | رکھنا : | قلم میز پر رکھا ہے | بچوں نے شور مچا رکھا ہے | گلاس میز پر رکھ دو | آپ کرسی پر تشریف رکھیں |
| 18 | اٹھنا : | صبح جلدی اٹھنا چاہیے | تم دیر سے کیوں اٹھے؟ | وہ ذرا سی بات پر بھڑک اٹھا | اب تم اٹھ جاؤ |
| 19 | کرنا : | اچھے کام کرنا | آپ کیا کرتے ہیں؟ | مجھے سبق یاد کرنا ہے | بزرگوں کے پاس بیٹھا کرو |
| 20 | لگنا : | شہر میں کرفیو لگ گیا | کشتی کنارے سے لگی | مجھے سردی لگتی ہے | گاڑی چلنے لگی |

رول نمبر:..............

انٹرمیڈیٹ پارٹ سیکنڈ

# اُردو (انشائی) گروپ دوسرا FBD-12-2-23

وقت: 02:40 گھنٹے کل نمبر: 80

## ( حصّہ اوّل )

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھئے: 01,01,08

تمھاری بھینس کیسے ہے کہ جب لاٹھی ہماری ہے — اب اس لاٹھی کی زد میں جو بھی آئے سو ہمارا ہے
مذمت کاریوں سے تم ہمارا کیا بگاڑو گے؟ — تمھارے ووٹ کیا ہوتے ہیں جب ویٹو ہمارا ہے

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام بھی لکھئے: 01,09

کام مردوں کے جو ہیں، سو وہی کر جاتے ہیں — جان سے اپنی جو کوئی کہ گزر جاتے ہیں
موت! کیا آ کے فقیروں سے تجھے لینا ہے — مرنے سے آگے ہی، یہ لوگ تو مر جاتے ہیں
دید و ادید جو ہوجائے، غنیمت سمجھو — جوں شرر ورنہ ہم اے اہل نظر جاتے ہیں

## ( حصّہ دوئم )

3۔ سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے: 01,01,03,10

(الف) عالم کا رنگ بے رنگ دیکھ کر تدبیر اور مشورہ دو تجربہ کار دنیا سے کنارہ کش ہوگئے تھے اور ایک سیب کے درخت میں جھولا ڈالے الگ باغ میں جھولا کرتے تھے، البتہ جو صاحب ضرورت ان کے پاس جاتا، اسے صلاح مناسب بتا دیا کرتے تھے۔ یہ سب مل کر ان کے پاس گئے کہ برائے خدا کوئی ایسی راہ نکالئے جس سے احتیاج و افلاس کی بلا سے بندگان خدا کو نجات ہو۔

(ب) میرا بچہ، میری آنکھ کا تارا، ارے دیکھو تو کیسے تن کر چل رہا ہے۔ اس کا باہر نکلا ہوا سینہ دیکھو! سانس کس بے خوفی سے آ جا رہا ہے! شاباش میرے لاڈلے شاباش! سر اٹھائے رکھ۔ تم پر ہم سب کو ناز ہے۔ تجھ پر میرے دلارے تجھ پر، جسے مر جانا ہے۔ دیکھ لو اسے دیکھ لو۔ جس کے بدن میں گرم خون لہریں مارتا تھا پر جس کے دل میں قاتل کے لہو کی ایک بوند بھی نہیں۔ ہائے پر قاتل موجود ہے۔

4۔ کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھئے۔ مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے: (i) پہلی فتح (ii) ایوب عباسی 01,09

5۔ نصاب میں شامل احسان دانش کی نظم "تغیر" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 05

6۔ کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے: 20

(i) میرا پسندیدہ شاعر (ii) اتحاد عالم اسلام (iii) قومی تعمیر و ترقی میں طلبہ کا کردار

7۔ کسی بھی اشاعتی ادارے کے مینجر کو اپنی پسند کی کتاب بذریعہ ڈاک منگوانے کے لئے خط لکھئے۔ 10

1202-XII123-48000